تاش بتیسی ناٹک

مطبع فتحا دہلی میں منشی محمد ابراہیم کے اہتمام سے چھپی

قیمت فی جلد ۲/ محصول ۱/

قواعد

تماشہ کرنے والے کو چاہئے کہ اپنے نزدیک کسی کو نہ آنے دے - اور کسی تماشے کو جبتک کہ ربط کامل نہو نکرے - اِس میں ہنسی ہوتی ہے - تماشہ کرنے کے وقت خاموش نہ رہنا چاہئے - کیا وجہ کہ جسوقت تماشہ ہوتاہے ناظرین اُسکی طرف غور سے دیکھتے ہیں - اور جب وہ مونھ سے کچھ کہتا جاویگا تو ناظرین کا خیال باتوں کی طرف ہوگا تو تمکو مہلت ملجاویگی - چاہے جس طرح کر سکتے ہو - جو تماشا کرنا چاہو اول اُس سے ناظرین کو آگاہ نکرو - کیونکہ اول معلوم ہونے سے ناظرین کے دل میں خیالات گزرنے لگتے ہیں جس سے معلوم ہوجانے تماشے کا اندیشہ ہے اگر مجبوری کسی تماشے کو دوبارہ کرنا منظور ہو تو اُسکو دوسری طرح پر کرو کہ ناظرین اُسکو سمجھ نہ سکیں - اپنے تاش کے کھیل کی اشیا کسیکو نہ دکھاؤ اور اگر دکھاؤ تو بہت جلد لیلو

اِصطلاحات

پاس کرنا - اُسے کہتے ہیں کہ تاش کو اس طرح ملاوے کہ ناظرین کے نزدیک تاش خلط ملط ہو - اور دراصل وہ اس طرح سے ملاوے کہ مضمر پتہ اُوپر آجاوے

ہتیانا - اُسے کہتے ہیں کہ کسی نہ کسی ترکیب سے مضمر پتہ اپنی ہتیلی میں چھپالے +

خیالی پھینٹ - اُسے کہتے ہیں کہ تاش کو چاہی جس طرح ملاوُ لیکن مضمر پتہ جہاں ہو تم کو معلوم رہے +

+

دیباچہ

چونکہ آجکل ہمارے بھائی اور ہموطن اسقدر جہالت کے دریا میں غرقاب ہیں کہ جس کا کچھ بیان نہیں۔ اور علم حساب اور حکمت عملی سے بدرجہا بے بہرہ اور ناواقف ہیں کہ اندازہ تحریر سے باہر ہے۔ اکثر دیکھا گیا ہے کہ جب کبھی کوئی انگریز یا اور کوئی شخص تماشہ کرنیوالا آتا ہے تو اُنکو اپنی حکمت عملی سے بہکا کر لوٹ لیجاتا ہے اور یہ ہمارے ہموطن بھائی اُنکے عمل کو جادو یا کرامات سمجھتے ہیں۔ یہ نہیں جانتے کہ ساری اُسکی چالاکی اور حساب دانی کا باعث ہے۔ لہذا اس احقر العبادی مسمیٰ **غلام نبی** ملازم سفری ڈاک خانہ انبالہ ستوطن شہر لدھیانہ نے بنظر رفاہ عام اس رسالہ کو تالیف کیا تاکہ خاص و عام پر واضح ہو کہ کن کن ترکیبوں اور کس حساب سے وہ تماشہ کو سرانجام دیتے ہیں۔ جس میں سوائے علم حساب اور حکمت عملی کے جادو کا نشان بھی ڈھونڈا نہیں ملتا اور ہونا تو درکنار +

ہدایات

اول۔ ہم اُن تراکیب کا ذکر کرتے ہیں جو اکثر تاش کے کھیل میں کارآمد ہیں اور شائقین کو لازم ہے کہ وہ پہلے اِن ہدایات کو خوب غور سے سمجھ لے اور آئندہ کو یاد رکھے تاکہ اُسکے عمل میں کسی طرح کا نقص نہو +

اول۔ ایک چھوٹی سی لکڑی رنگین بروقت تماشہ کرنے کے اپنے دائیں ہاتھ میں رکھے۔ اور اُسے جادو کی چھڑی مشہور کرے۔ اسکا یہ فائدہ ہے کہ جب تم حکمت عملی سے کوئی کھیل شروع کرو تو کچھ موںہہ میں یونہی پڑھکر چھڑی پر دم کرو۔ اور اُس چھڑی کو تاش پر یا ورق پر پھراؤ۔ تاکہ لوگوں کو ثابت ہو

کہ منتر کے زور سے یہ تماشا ہوا ہے۔ دوسرا اسکا یہ فائدہ ہے کہ خواہ کوئی پتہ یا ورق تاش کا تم اپنے دائیں ہاتھ میں رکھو کوئی نہیں پہچان سکتا کہ ہاتھ میں پتہ ہے کیونکہ سب کو معلوم ہے کہ اس ہاتھ میں چھڑی ہے +

دوم - تراشنا یا پھینٹنا کہتے ہیں تاش کو خلط ملط کر دینا یعنی علی الحساب کوئی ورق کہیں اور کوئی کہیں رکھدینا جیسا کہ اکثر لوگ بروقت تاش بازی کے تراشا یا پھینٹا کرتے ہیں +

سوم - یکطرفی پھینٹ یا کاٹ اسکا نام ہے کہ اوپر سے چند ورق رکھے اٹھا کر نیچے رکھتے چلے گئے۔ متواتر اس طرح سے ورق خلط ملط نہیں ہوتے بلکہ بدستور سابق ملے رہتے ہیں۔ اس ترکیب کو اگر ذرا ربط دے لوگے تو جلدی تاش معلوم ہوا کریگی +

چہارم - یہ کل تماشے ربط اور کثرت سے تعلق رکھتے ہیں۔ اول اول تو مشکل معلوم ہونگے مگر بعد ازاں جہت آسان ہو جائینگے۔ شائقینان کو لازم ہے کہ پہلے اسکا ربط اپنے گھر کرے۔ جب مہارت پوری پوری ہو جائے تو تماشا کرے اور دکھلانا شروع کرے +

(۱) تراشا ہوا پتا معلوم کرنا

تاش میں سے سوائے اینٹ کے باقی پتے حسب ذیل لے لو:-

چڑیا   پان   حکم   یہ کل ۲۷ پتے ہوئے - اب ان کو سیدھا کرکے خوب تراش لو
یکا   ”   ”   پھر کسی شخص سے کہدو کہ کوئی سا پتہ نکال لے تو
نہلا   ”   ”   تم بقیہ کل پتوں کو الٹ دو یعنی سر نیچے اور پیر

ستا	پان	حکم	اُوپر کو دو - پھر اُس شخص سے کہدو کہ جس
پنجی	″	″	طرح اُس نے نکالا تہا اُسی طرح رکھدے -
...گی	″	″	پس جب وہ رکھدے تو تم پھر تاش کو پھینٹو
اور کل تصویریں	″	″	اور بعدہ تاش کو غور سے دیکھو - پس تمہارے
			کل تاش اُلٹے ہوئے ہونگے - مگر اُسکا پتہ

سیدھا ہوگا بس وہی پتہ نکالکر دکھادو - یہ عمل تصویر سے ظاہر ہے *

یعنی اور سب پتے اُلٹے ہوئے ہیں مگر چڑیا کا یکا سیدھا ہے پس یہی مضمر ہے

(۲) مضمر پتہ چادر سے چپک جاوے

ایک چوڑے سر والی اور چھوٹے قد کی تیز نوکدار پین یعنی سوئی اپنے دائیں ہاتھ میں چھپا رکھو پھر ایک تاش کا بنڈل کسی شخص کے آگے رکھدو کہ وہ اُس میں سے کوئی پتہ مضمر کرلے تو تم بطریق اول اُسے معلوم کرلو - پھر تاش کو پھینٹتے وقت سوئی اُس پتے میں لگادو - اور پھینٹتے پھینٹتے اُس سوئی لگے پتے کو سب کے اُوپر لیجاؤ - اِس طرح کہ سوئی کی نوک پرلی طرف رہے - پھر دو شخصوں کے ہاتھ میں ایک چادر دیکر خوب تنوالو - اور زور سے تاش کو اُس پر مارو - پس وہ پتہ سوئی کے سبب سے چادر میں چپک جاویگا اور باقی پتے نیچے گر پڑینگے - یہ تماشا رات کو کرنا چاہیے

(۳) سوچا ہوا پتا تلوار کی نوک پر ٹھہر جاوے

ایک تلوار لکڑی کی بناکر اُسپر روغن روپہلی لگادیا - قلعی کے ورق اُسپر چپادو اور

اُسکی نوک پر ایک چھوٹی سی لوہے کی کُنڈی جڑ دو اور اُس تلوار کا قبضہ کاغذ کے موٹے ورقوں کا بشکل گاڑی کے پہیوں کے گول بناؤ مگر وہ قبضہ درمیان سے پولا ہو۔ پھر ایک تاش کا پتہ پوشیدہ لیکر تار سے یا بال سے باندھکر بال کو کنڈی میں سے نکالکر پتہ کو اُسی ہاتھ میں جس میں قبضہ تلوار کا ہے چھپا رکھو پھر اُسی ساتھ کا پتہ تاش میں ملا کر سب کے سامنے پھینٹ کرو اور تاش کو تلوار مارو۔ جب پتے نیچے گرنے لگیں تو تلوار کو نیچے جھکا کر پتہ قبضہ سے ڈھیلا چھوڑ کر تار کو آہستہ سے کھینچ لو۔ بس وہ پتہ تار سے کھینچکر تلوار کی نوک پر آجاویگا۔ اسکی شکل عمل ذیل سے ظاہر ہے۔ یہ تماشا بھی رات کو کرنا چاہئے؞

(۴) بغیر دیکھے پتہ کے بندی بتانا

تاش کو خوب تراش کر کسی شخص سے کہدو کہ اُس میں سے ۳ عدد کوئی سے پتے نکال لے اور مجھے مت دکھا۔ پھر اُس سے کہو کہ میز پر الگ الگ رکھکر ہر ایک پر اسقدر پتے رکھدو کہ پندرہ عدد ہو جائیں پس جب آخر کو اُسکے ہاتھ میں پتے رہیں تو پوچھو کہ کسقدر پتے ہاتھ میں ہیں جسقدر وہ پتے بتلادے اُنمیں سے ہ پتے کم کردو حاصل تفریق

جواب ہوگا یعنی جو باقی بچے اُسیقدر کل تین پتوں کے نشان ہونگے +

مثلاً تمنے ۳ پتے ایک یکا ایک تصویر اور ایک نہلا نکالے اب یکے کو ۱۱ پتی فرض کرکے ۴ اُسپر اور رکھدیے اور تصویر کو ۱۰ آپتے سمجھکر ۵ اُسپر اور رکھے - اور نہلے کو ۹ پتی سمجھکر ۶ پتے اُسپر اور رکھدیے تو کل پتّے ۱+۴+۱+۵+۱+۶ ہوئے یعنی ۱۸ ہوئے - باقی تمہارے ہاتھ میں ۳۴ رہے - پس ۳۴ میں سے ۴ نکالے تو باقی ۳۰ رہے - یہی جواب ہے یعنی تینوں مضمر پتوں کے نشان ۳۰ ہیں اسطرح کہ یکے کے ۱۱ اور تصویر کے ۱۰ اور نہلے کے ۹ کل ۳۰ - مگر اول آپ یہ بات کہدو کہ ہم یکے کے ۱۱ اور تصویر کے ۱۰ تصور کرینگے خواہ کوئی سی تصویر ہو +

(۵) سوچا ہوا پتا بتانے کی عجیب وغریب ترکیب

اپنے ہاتھ میں تم کچھ پتے لیلو مگر اپنے دل میں خیال کرلو کہ ۱۰ ہیں یا ۱۲ ہیں پھر اُنمیں سے کسی قسم کا پتہ کوئی شخص سوچ لے - مگر ہمیں بتلادیوے کہ سر سے فلانے نمبر پر ہے پھر تم تمام تاش کو ایک جا جمع کرکے کل پتوں میں سے اُن پتوں کو تفریق کرکے اُس پتے کے نمبر کو جمع کردو بس پتہ معلوم ہوجاویگا **مثلاً** تمنے آٹھ پتے اپنے دل میں شمار کیے اور اُنکو پھیلادیا اِس طرح

اور ایک شخص نے ۳ نمبر کا پتہ مضمر کیا پس اُس نے ہمیں بتادیا کہ تیسرا پتہ ہے

پھر اُن پتوں کو کل تاش میں ملادیا اور کل تاش میں سے ۸ تفریق کیے تو باقی ۴۴ رہے پھر ۴۴ میں ۳ جمع کیے تو ۴۷ ہوئے - اب معلوم ہوا کہ ۴۷ واں پتہ مضمر ہے +

(۶) کل رنگ کے پتے ہمجنس ہمجنس الگ الگ ہوجاویں

چار قسم کے رنگ کے پتوں کو ترکیب وار الگ الگ لگا لو یعنی اول یکہ پھر بادشاہ پھر بیگم۔ پھر غلام۔ پھر دہلا پھر نہلا۔ علی ہذا القیاس دو کے پتے تک لگا لو پھر چاروں ترتیب وار لگے ہوئے ہندسوں کو ایک پر دوسرا رکھکر یکطرفی کاٹ کرو۔ بعدہٗ ۱۳ جگہ دو اور پھر اُٹھا کر دیکھو تو چاروں یکے الگ۔ چاروں بادشاہ الگ۔ علی ہذا القیاس جدا جدا ہو جاوینگے ۰

(۷) پتے کا جانور بنجائے

ایک پتہ لیکر سب کو دکھلا دو۔ پھر اُسے جلدی سے آستین میں ڈالدو اور خفیہ ایک جانور کو جو آستین میں کہا ہوا ہے اُڑا دو تو ناظرین کو پتہ کا جانور بنجانا ثابت ہوگا۔ یہ تماشا رات کو کرنا چاہیئے ۰

(۸) مضمر پتہ میز پر اُچھلے

ایک شخص سے کہدو کہ کوئی سا پتہ کھینچ لے جب تراش لے تو اُسے بطرق سابق معلوم کرلو۔ پھر موم کو جو پہلے سے تمنے اپنی انگوٹھی پر لگایا ہے پتے سے چپکا کر ایک بال بھی چپکا دو۔ اور اُسکا دوسرا سرا اپنے معاون یعنی دوسرے شخص کو جو پردے میں بیٹھا ہوا ہے دیدو۔ پس جب تم آواز دوگے اور وہ تار کو کھینچیگا تو پتہ اُچھلیگا ناظرین کو معلوم ہوگا کہ تمہارے حکم سے اُچھلتا ہے۔ یہ تماشا رات کو کرنا چاہئے

(۹) اُنگلیوں سے ٹٹولکر پتا بتا دینا

اپنی ٹوپی پہنکر میز کے سامنے کرسی پر اس طرح بیٹھو کہ تمہاری دونو کہنیاں میز پر رہیں اور ہاتھ مع آستین تمہاری ٹوپی سے لگا رہے۔ بس ایک چھوٹا سا آئینہ خفیہ اپنی جیب سے نکالکر اپنے سامنے میز پر رکھو اور ایک شمع روشن کرکے اپنے آگے

رکھ لو کہ اُسکا عکس آئینہ میں پڑے۔ پس تاش کا پتا لیکر اُسکا رخ شمع کی طرف اِس طرح کرو کہ اُسکا عکس آئینہ میں پڑے۔ پھر آئینے میں دیکھو اور بڑے نام انگلیوں سے پتے کو ٹٹولو اور عکس دیکھکر بتاؤ۔ تصویر ذیل سے یہ عمل ظاہر ہوتا ہے یہ تماشا بوقت شب چھوٹے تاش سے کرنا چاہیے +

(۱۰) مضمر پتہ خود بخود الگ ہو جاے

چار پتے کسی شخص کو دیدو کہ اُنمیں سے کوئی سا پتا دل میں سوچ لے۔ جب وہ تمہیں واپس دے تو تم چالاکی سے اُنمیں سے دو اُوپر لیجاؤ اور دو نیچے رکھ لو۔ پھر تلے کے دو پتوں کو مع چار اور دوسرے پتوں کے رکھوا لو اور اُس سے دریافت کرو کہ اُسکا پتہ اُنمیں ہے یا نہیں وہ کہیگا کہ اِن دونو میں سے ایک ہے۔ تم ایک پتے کو اُوپر لیجاؤ اور اُوپر والا اُسے دکھلاؤ اگر وہ نکلا تو خیر ورنہ دوسرا پتہ ضرور ہوگا۔ اگر نیچے نہو تو اُوپر والوں سے یہی عمل کرو +

(۱۱) پتہ خود بخود الگ ہو جاوے

اول مضمر پتہ بطریق اول معلوم کر لو۔ پھر اُسکو سب سے نیچے رکھکر کسی شخص کے ہاتھ میں کل تاش دیدو اور اُسے کہدو کہ خوب مضبوطی سے تاش کا ایک کونہ چٹکی سے پکڑ لے۔ پھر تم زور سے ضرب لگاؤ تو کل پتے گر پڑینگے۔ اور نیچے کا پتہ جو اُسکا مضمر ہے باقی ہاتھ میں رہجاویگا +

(۱۲) مضمر پتہ خود بخود الگ ہو جاوے

مضمر پتے کو بطریق سابق مذکورہ بالا معلوم کرکے اُوپر لیجاؤ۔ پھر اُوپر والے پتے کو ۲ انچ کے قریب بڑھا کر اُوپر سے پتوں کو چھوڑ دو تو وہ پتہ اُلٹ کر الگ ہو جاویگا اور باقی پتے ایک جگہ رہینگے +

(۱۳) چار بادشاہ الگ الگ رکھے جائیں اور ایک تراش میں اکھٹے ہو جائیں

۴ بادشاہ لیکر ۲ اور ۲ کے درمیان دو اور پتے رکھ لو۔ مگر خفیہ پھر چاروں بادشاہ کو جو اصل میں مع دو اور پتوں کے ۶ پتے ہیں۔ تاش کے نیچے رکھ لو پھر ایک پتہ بادشاہ کا دکھلا کر اُوپر رکھو۔ اور ایک پتہ اُن دو پتوں میں سے تاش کے درمیان رکھو۔ پھر دوسرا پتہ بھی کہیں اور جگہ رکھو۔ پھر نیچے کا بادشاہ دکھاؤ تو معلوم ہوگا کہ چاروں بادشاہ الگ الگ رکھے گئے ہیں۔ پھر ایک پھینٹ کرو یعنی ایک دفعہ تراش اُوپر کے پتے بادشاہ کے اُوپر رکھدو۔ پھر دیکھو تو چاروں بادشاہ تاش میں اکھٹے ملیں گے +

(۱۴) تاش کا پتہ انڈے سے برآمد ہونا

دو چھریاں ایک شکل کی اور ایک مقطرہ ہواؤ مگر اُن میں سے ایک چھری خولدار ہو۔ جسکے اندر ایک کمانی لگی ہو جو بروقت دبانے کے پتے کو دھکیل کر باہر ڈالدے پس تم ایک پتہ اُس کمانی کے اندر ڈالدو۔ اور ایک انڈا میز پر رکھکر تاش کو اہل مجلس کے آگے پیش کرکر کوئی شخص ایک پتا تراش لیوے۔ جب وہ تراشنے لگے تو تم حکمت عملی سے جس کا پہلے ذکر ہو چکا ہے اُسی کے ساتھ کا پتہ اُس سے

ترشواؤ - اور پھر تاش کو مکان کے اندر لیجاکر رکھدو اور باہر آن کر وہی چھڑی انڈے میں مارو جو پر وقت انڈہ پھوڑنے کے پتے کو باہر ڈالدیگی - یہ تماشا چھوٹے تاش سے کرنا چاہیے +

(۱۵) سوچا ہوا پتا جیب سے نکالنا

تم کسی رنگ کا پتہ لیکر اپنی جیب میں ڈالو مگر تمہارے ساتھی کو معلوم نہو کہ فلاں پتہ جیب میں ہے۔ بس اب تم سب کے سامنے تاش اپنے ساتھی کو دیدو اُسکو چاہیے کہ اسی رنگ کے ۸ کا پتہ ہاتھ میں لیکر اُسکو ایک طرف سے دباکر دکھلا دے تاکہ ۸ کا عدد معلوم ہو پھر وہ سب کو باہم ملا کر میز پر رکھدے اور

ہاتھ سے دبا لیوے اور تم چند الفاظ پڑھکر (جیسا جادوگر کیا کرتے ہیں) پتے کو اپنی جیب سے نکالکر دکھلا دو۔ اُسکے دیکھنے سے لوگوں کو بڑا تعجب ہوگا کیونکہ وہ پتہ تاش میں بھی نہ ملیگا - ۸ کا پتہ اس طرح پکڑو۔

(۱۶) ہاتھ کے نیچے سے دبا ہوا پتا کسی کی جیب سے برآمد ہونا

کل تاش کو میز پر رکھدو مگر کسی ترکیب سے یا چالاکی سے اُسکے سب سے اُوپر کا پتہ معلوم کرلو - پھر کسی شخص سے کہدو کہ اچھا آپ سب سے اُوپر والا پتہ دیکھ لو - جب وہ دیکھ لے تو کہو کہ اسے دونو ہاتھوں سے دبالو - جب وہ دبالے تو کہو کہ اس طرح نہیں جس طرح میں بتاؤں اُس طرح دبالو - پھر تم اپنے دائیں ہاتھ کی پیٹھ پر

جسکو تمنے کچھ لعابدار شئے لگائی ہوئی ہے اُسپر رکھکر بائیں ہاتھ سے اپنے دائیں ہاتھ کو دباؤ تاکہ پتہ تمہارے ہاتھ سے چپک جاوے۔ جب وہ پتہ چپک جاوے تو تم آہستہ سے بے معلوم اپنے ہاتھوں کو اُٹھالو کہ اُسے یہ معلوم نہ ہو کہ تمہارے ہاتھ کے ساتھ پتہ آگیا ہے۔ پس تم اُس پتہ کو بے معلوم کسی اہل مجلس کے پاس یا جیب میں ڈالدو۔ اُسکے دیکھنے سے اہل مجلس کو بڑا تعجب ہوگا کہ باوجودیکہ دوسرے شخص نے پتے دبائے ہوئے ہیں مگر تاہم پتہ نکلکر دوسرے کی جیب میں آگیا +

(۱۷) جو پتّا مانگو وہی نکلے

تم کل تاش ایک شخص کو دیدو تاکہ وہ خوب ملالے۔ پھر تم اُس سے ایک پتہ خدا کے نام لیلو مگر اُس سے کہدو کہ وہ خود کسی پتے کو نہ دیکھے۔ کیونکہ اگر وہ دیکھیگا تو تو تمہارا تماشہ معلوم کر لیگا۔ پس تم اول پتے کو لیکر دیکھو کہ کونسا ہے۔ پس جو وہی مانگو۔ مثلاً اول پتا خدا کے نام کا آپ نے مانگا وہ چڑیا کا نہلا ہے۔ پس تم اُس سے کہو کہ چڑیا کا نہلا ہمیں دو۔ جب وہ تمہیں کوئی اور پتا بغیر دیکھے دیوے تو تم اُسے دیکھ کر تیسرا پتہ مانگو۔ مثلاً دوسرا پتہ جو اُس نے دیا وہ حکم کا اٹھا ہے۔ تو تم اُس سے کہو کہ ہمیں حکم کا اٹھا دو۔ اسی طرح لیتے جاؤ۔ اخیر کو جب اُسے دینے لگو تو سب پتے ترتیب وار دیدو۔ اور جو تم نے سب کے اخیر میں پتا لیا ہے اُسے یہ کہکر دیدو کہ یہ خدا کے نام کا پتہ ہے +

(۱۸) پتا بغیر دیکھنے کے بتادینا

کسی شخص سے کہدو کہ وہ تاش کو خوب پھینٹ دے پھر تم اُسکو کہدو کہ اول پتّا